**03.11.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار
Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ تپ دِق کے واقعات میں کمی بھارت کی مخصوص اور اختراعی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ انھوں نے TB کو ملک سے مکمل طور پر ختم کرنے کے عہد کا اعادہ کیا۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اعلیٰ ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور دنیا کے ساتھ مل کر آگے بڑھنے کا خواہاں ہے۔

☆ جموں وکشمیر میں سرینگر میں گرینیڈ دھماکے میں 10 سویلین زخمی ہوگئے۔

☆ مرکزی اور ریاستی سرکار کی ایجنسیوں نے 85 لاکھ ٹن سے زیادہ دھان کی خریداری کی ہے، جس سے پنجاب میں چار لاکھ کسانوں کو فائدہ پہنچا ہے۔

☆ دلّی NCR میں ہوا کا معیار مسلسل ابتر ہو رہا ہے۔بعض مقامات پر اے کیو آئی 400 کو پار کرگیا ہے اور یہ شدید زمرے میں چلا گیا ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، آج رات جرمنی میں Hylo Open کے فائنل میں Malvika Bansod کا مقابلہ Mia Blichfeldt سے ہوگا۔

..........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM TB Decline*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ تپ دِق کے واقعات میں کمی بھارت کی مخصوص اور اختراعی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ ملک کی ترقی کی ستائش کرتے ہوئے جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ اجتماعی جذبے کے ذریعے سرکار، بھارت سے تپ دِق کو مکمل طور پر ختم کرنے کی جانب کام کرتی رہے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت بھارت سے تپ دِق کا خاتمہ کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ عالمی صحت تنظیم WHO کے مطابق بھارت میں 2015 سے 2023 تک تپ دِق کے واقعات میں 17 اعشاریہ 7 فیصد کی کمی درج کی گئی ہے۔ یہ شرح آٹھ اعشاریہ تین فیصد کی عالمی سطح پر گراوٹ کے مقابلے دوگنی ہے۔

کل سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ جانکاری فراہم کرتے ہوئے صحت کے وزیر جے پی نڈّا نے زور دیکر کہا کہ

اِس سے تپ دِق کے مریضوں کی دیکھ بھال اور اس بیماری کی روک تھام کے تئیں بھارت کے نظریے کی عکاسی ہوتی ہے۔ انھوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ حکومت نے Ni-Kshay Poshan Yojana جیسے اہم اقدامات کے ذریعے تپ دِق کے خاتمے کے قومی پروگرام کو وسعت دی ہے اور مستحکم کیا ہے تاکہ تپ دِق کے مریضوں کو ضروری تغذیہ فراہم کی جاسکے۔x

## Jaishankar Australia

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا کہ بھارت نے ایک فریم ورک تیار کیا ہے، جس سے آنے والے وقت میں آسٹریلیا کے ساتھ تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات میں یہ تبدیلی ''آٹو پائلٹ'' بنیاد پرنہیں بلکہ دونوں فریقوں کی کوششوں، قیادت اور عزائم سے آئی ہے۔
دو ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت آسٹریلیا کے شہر برسبین میں یونیورسٹی آف کوئنز لینڈ میں آج شام بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت اعلیٰ ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور وہ دنیا کے ساتھ مل کر آگے بڑھنے کا خواہاں ہے۔ دنیا کے چنندہ ملکوں کے ساتھ بھارت کی جامع اسٹریٹجک شراکت داری ہے اور آسٹریلیا بھی ان چنندہ ملکوں میں سے ایک ہے۔
ڈاکٹر جے شنکر نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی، آسٹریلیا کی حکومت، عالمی حرکیات اور بھارتی برادری کی کوششیں، بھارت-آسٹریلیا تعلقات کی پیش رفت کے کلیدی عوامل ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان تعلیم اور تحقیق کے شعبے میں عالمی سطح پر باہمی تعاون کے بہت سے مواقع موجود ہیں۔
وزیر خارجہ آج سے آسٹریلیا کے پانچ روزہ دورے پر ہیں۔ وہ کل آسٹریلیا کے برسبین میں چوتھے بھارتی قونصل خانے کا افتتاح کریں گے۔ وہ کینبرا میں آسٹریلیا کے اپنے ہم منصب Penny Wong کے ساتھ 15ویں وزراء خارجہ فریم ورک مذاکرات-FMFD کی مشترکہ صدارت بھی کریں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر آسٹریلیا کے پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہونے والے دوسرے رائسینا ڈاؤن انڈر کے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطبہ بھی دیں گے۔
اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت ڈاکٹر جے شنکر 8 نومبر کو سنگاپور جائیں گے، جہاں وہ آسیان-بھارت نیٹ ورک آف تھنک ٹینکس کی آٹھویں گول میز کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ وہ دونوں ممالک کے درمیان قریبی شراکت داری کا جائزہ لینے اور دوطرفہ تعلقات میں مزید اضافہ کے لیے نئے امکانات تلاش کرنے کی غرض سے سنگاپور کے رہنماؤں سے بھی ملاقات کریں گے۔

## Amit Shah Rally

BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ اگر BJP جھارکھنڈ میں اقتدار میں آتی ہے تو وہ جھارکھنڈ کے تمام بدعنوان لیڈروں کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے ڈال دے گی۔ چترا کے سمریا میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ BJP صرف ہیمنت سورین کو اقتدار سے بے دخل کرنے کیلئے نہیں، بلکہ جھارکھنڈ میں پریورتن یعنی تبدیلی لانے کیلئے چناؤ لڑ رہی ہے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ جھارکھنڈ سے

دلت مخالف، قبائلی مخالف، غریب مخالف اور نوجوان مخالف ہیمنت سرکار کو ہٹانے کا وقت آ گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہیمنت سورین سرکار معمولی سیاسی فائدے حاصل کرنے کیلئے نکسلزم کو بڑھاوا دے رہی ہے۔

جناب شاہ نے مزید کہا کہ ہم نے گزشتہ پانچ سال کے دوران جھارکھنڈ سے نکسلزم کی لعنت کو ختم کر دیا ہے اور وزیر اعظم مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت مارچ 2026 تک پورے ملک سے نکسلزم کا پوری طرح خاتمہ کردے گی۔ x

## with Add J&K Explosion

کشمیر وادی میں آج سہ پہر آکاشوانی سری نگر کے دفتر کے باہر سنڈے مارکیٹ میں گرینیڈ کا دھماکہ ہونے سے کم از کم 10 سویلین زخمی ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق مشتبہ دہشت گردوں نے TRC Crossing پر سکیورٹی فورسز کی ایک گاڑی کی طرف گرینیڈ پھینکا جو مطلوبہ ہدف سے چوک گیا اور سڑک پر پھٹ پڑا، جس سے کم از کم 10 سویلین زخمی ہو گئے۔ سرینگر کے سنڈے مارکیٹ میں بہت زیادہ لوگوں کی بھیڑ ہوتی ہے۔ لوگ بڑی تعداد میں سردیوں کی خریداری کیلئے بازار کا رخ کرتے ہیں۔ پولیس نے علاقے کا محاصرہ کر لیا ہے اور دہشت گردانہ حملے کے لیے ذمہ دار حملہ آوروں کو پکڑنے کے لیے تلاش کی بڑی کارروائی شروع کر دی ہے۔

اس دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر میں گرینڈ حملے کے سلسلے میں ڈی جی پی Nalin پربھات اور سکیورٹی ایجنسیوں کے اعلیٰ حکام کے ساتھ بات کی۔ انہوں نے دہشت گردوں اور اُن کے ساتھیوں کو سزا دینے کیلئے سکیورٹی حکام کو مؤثر اور بھر پور کارروائی کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے دہشت گرد عناصر کو اُن کے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دینے کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ ہمارے شہریوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کو اِس کی بھاری قیمت چکانی پڑے گی۔ انہوں نے سکیورٹی کے اعلیٰ حکام سے کہا کہ اُنہیں دہشت گرد تنظیموں کو کچلنے کی مکمل آزادی ہے اور اِس مشن کو مکمل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ جناب سنہا نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی اور ضلعی انتظامیہ سے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کیلئے کہا۔

اِس حملے کی مذمت کرتے ہوئے جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے انتہائی افسوسناک اور پریشان کن قرار دیا۔ جناب عبد اللہ نے کہا کہ بے قصور شہریوں کو نشانہ بنانے والے حملوں میں حالیہ اضافے کی مذمت کی اور کہا کہ سکیورٹی ایجنسیوں کو اِن حملوں کو پوری طرح روکنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے تاکہ لوگ بغیر کسی خوف کے جی سکیں۔نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ مسعود Itoo کے ہمراہ گرینڈ حملے میں زخمی ہوئے شہریوں کی صحت کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے کیلئے سرینگر میں واقع SMHS اسپتال کا دورہ کیا۔ انہوں نے زخمیوں سے بات چیت بھی کی اور انہیں بہترین طبی دیکھ بھال کا یقین دلایا۔ نائب وزیر اعلیٰ اور صحت کی وزیر نے اسپتال کے حکام سے کہا کہ وہ زخمیوں کا بہتر سے بہتر علاج کریں۔ x

## J&K Assembly - LOP

جموں وکشمیر میں BJP نے سنیل شرما کو متفقہ طور پر لیجسلیچر پارٹی کا رہنما منتخب کیا ہے جس سے جموں وکشمیر

اسمبلی میں لیڈر آف اپوزیشن کے طور پر ان کی تقرری کا راستہ صاف ہوگیا ہے۔ قانون ساز اسمبلی میں BJP سب سے بڑی اپوزیشن پارٹی ہے۔ جناب شرما سابق وزیر اور کشتواڑ کے Padder-Nagseni حلقے سے رکن اسمبلی ہیں۔x

### Terrorist Arrested

جنوبی کشمیر کے پلوامہ ضلع میں پولیس اور حفاظتی دستوں نے ممنوعہ دہشت گرد تنظیم حزب المجاہدین سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کے ایک ساتھی کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ پولیس، راشٹریہ رائفلز اور CRPF کی ایک مشترکہ ٹیم نے Dangerpora پلوامہ سے اسے گرفتار کیا۔ مشترکہ ٹیم نے اُس کی دوکان پر چھاپہ مارا اور وہاں چھپائے ہوئے ہتھیار اور گولی بارود برآمد کئے۔x

### Paddy Procurment

حکومت نے آج کہا کہ پنجاب کی منڈیوں میں 90 لاکھ ٹن سے زیادہ دھان کی آمد ہوئی ہے۔ اس میں سے 85 لاکھ ٹن سے زیادہ دھان کی خریداری ریاستی ایجنسیوں اور فوڈ کارپوریشن آف انڈیا (ایف سی آئی) نے کی ہے۔ صارفین کے امور، خوراک اور سرکاری نظام تقسیم کی وزارت نے کہا کہ 2320 روپے فی کوئنٹل کی کم از کم امدادی قیمت پر دھان کی خریداری کی جا رہی ہے جیسا کہ حکومت نے گریڈ 'A' کے دھان کے لیے فیصلہ کیا ہے۔ موجودہ خریف مارکیٹنگ سیزن کے دوران حکومت کی طرف سے اب تک مجموعی طور پر 19,800 کروڑ روپے کے دھان خریدے گئے ہیں۔ اس سے 4 لاکھ کسانوں کو فائدہ ہوا ہے۔

پنجاب میں خریف مارکیٹنگ سیزن 2024-25 کے لیے دھان کی خریداری کا عمل یکم اکتوبر سے شروع ہوا اور کسانوں سے آسانی سے خریداری کے لیے ریاست بھر میں 2927 مخصوص منڈیاں اور عارضی یارڈز کام کر رہے ہیں۔ مرکزی حکومت نے موجودہ مارکیٹنگ سیزن کے دوران 185 لاکھ ٹن دھان کی خریداری کا ہدف مقرر کیا ہے۔ ریاست میں دھان کی خریداری کا یہ عمل 30 نومبر تک جاری رہے گا۔x

### Kerala Ashwini Vaishnav

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ مرکز کیرالہ میں Angamali سے Erumeli تک صابری ریلوے لائن کی تعمیر کیلئے پر عزم ہے۔ وہ آج دوپہر Thrissur میں ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ اس پروجیکٹ کے سلسلے میں وہ جلد ہی کیرالہ حکومت کو ایک فارمیٹ ارسال کریں گے جس کی خانہ پری کے بعد اس میں مزید پیشرفت ہوگی۔ ہائی اسپیڈ K ریل پروجیکٹ کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ اگر کیرالہ حکومت پروجیکٹ سے متعلق ماحولیاتی مسائل کا تیزی سے ازالہ کرلیتی ہے تو اس میں بھی پیشرفت ہوسکتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریلوے کے فروغ کو سیاست سے اوپر رکھا جانا چاہئے اور توجہ لوگوں کی مجموعی ترقی پر مرکوز ہونی چاہیے۔x

## Delhi Pollution

دلّی NCR میں ہوا کا معیار مسلسل ابتر ہو رہا ہے۔ آج شام سات بجے ہوا کے معیار کا اشاریہ 381 پر چلا گیا۔ خطے میں ہوا کا معیار اب بھی بہت خراب زمرے میں ہے۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے اعداد وشمار کے مطابق شہر کے بعض حصوں میں AQI شدید سطح تک پہنچ گیا ہے اور 400 کو پار کر گیا ہے۔ آنند وہار میں اے کیو آئی، 426، روہنی میں 432، پنجابی باغ میں 424 اور آر کے پورم میں 400 ریکارڈ کیا گیا ہے۔ بوانا اسٹیشن میں اے کیو آئی 404 پر پہنچ گیا۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو-تین دن کے دوران رات اور صبح کے وقت دھند اور ہلکا کہرا چھانے کا امکان ہے۔x

## GRAP-AIR Pollution

حکومت نے آج کہا ہے کہ دلّی NCR میں 15 سے 31 اکتوبر تک آلودگی کی روک تھام سے متعلق سرٹیفکیٹ نہ رکھنے کے سبب 54 ہزار موٹرگاڑیوں کا چالان ہوا ہے۔ ماحولیات کی وزارت نے کہا ہے کہ خطے میں فضائی آلودگی کو روکنے کیلئے Graded Response عملی منصوبے کے مرحلہ ایک اور دو کے تحت کئی اقدامات شروع کئے گئے ہیں۔ پیش ہے ایک رپورٹ ..................

VC Palvi Parmar

دھول سے ہونے والی آلودگی کی روک تھام کیلئے دلّی NCR میں Mechanical Road Sweeping مشینوں، پانی کے چھڑکاؤ اور دھند کی روک تھام سے متعلق Guns تعینات کئے گئے ہیں۔ گذشتہ مہینے کی 15 تاریخ سے ہوا کے معیار کے بندوبست کیلئے GRAP مانیٹرنگ کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔ کنٹرول روم اور ریاستوں کے متعلقہ Nodal افسروں کے درمیان بلارکاوٹ معلومات فراہم کرنے کی غرض سے ایک خصوصی واٹس ایپ گروپ قائم کیا گیا ہے۔ NCR میں کچرا ڈالنے کے غیرقانونی مقامات کا وسیع معائنہ کیا گیا ہے اور غیرقانونی مقامات کے خلاف ضروری کارروائی کی گئی ہے۔ دلّی NCR میں فضائی آلودگی کی روک تھام کیلئے ذمے دار متعلقہ ایجنسیوں کی کوششیں مزید تیز کی جائیں گی۔

آکاشوانی نیوز کیلئے Palvi Pramar کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ..................

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کیرالہ، کرائیکل اور Mahe میں کل تک گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اگلے تین دن کے دوران ملک کے شمال مغربی اور مشرقی حصوں میں کم سے کم درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ دو سے تین ڈگری سیلسیس کی کمی آنے کی امید ہے۔ محکمۂ موسمیات نے انڈمان اور نکوبار جزائر میں بھی منگل کو شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ x

## GAZA Attack

وسطی غزہ میں Nuseirat پناہ گزیں کیمپ پر اسرائیلی فضائیہ اور توپخانے کی بمباری میں کم سے کم 42 فلسطینی ہلاک اور 150 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ فلسطینی حفاظتی دستوں کی جانب سے دی گئی خبروں کے مطابق اسرائیلی فوج Nuseirat میں ہوائی جہاز اور توپخانے سے جمعہ کی صبح سے بمباری کر رہی ہے۔ غزہ سرکار کے میڈیا دفتر نے حملوں کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ اسرائیلی فوج بچوں اور خواتین سمیت سویلین کو جان بوجھ کر نشانہ بنا رہی ہے۔ اس نے بین الاقوامی برادری سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اسرائیل پر دباؤ ڈالے کہ وہ غزہ کے غیرفوجی شہریوں کے خلاف یہ کارروائی بند کرے۔ ادھر اسرائیلی دفاعی فورسز نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اُس نے ملی ٹنٹس کو ہلاک کرنے، اُن کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرنے اور ہتھیاروں کا پتہ لگانے کی غرض سے رفح اور وسطی غزہ میں کارروائی کی ہے۔x

## Israel Hezbollah Operative

اسرائیل کی اسپیشل فورسز نے شمالی لبنان پر حملہ کرکے حزب اللہ کے ایک سینئر اور سرگرم رکن کو اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ اسرائیل کے Shayetet-13 عملے کے ذریعہ بیروت سے تقریباً 30 کلو میٹر شمال کی جانب Batroun کے قریب یہ کارروائی کی گئی۔ حزب اللہ کا رکن، جس کی شناخت IMAD AMHAZ کے طور پر ہوئی ہے، مبینہ طور پر حزب اللہ کی بحری کارروائیوں کیلئے ذمہ دار تھا۔ اسے اسرائیلی خطے میں لے جایا گیا ہے۔ اسرائیلی ڈیفنس فورسز نے اس بات کی تصدیق کردی ہے کہ پکڑے گئے حزب اللہ کے رکن سے فی الحال ملٹری انٹیلیجنس پوچھ تاچھ کر رہی ہے۔ اسرائیل کے شمالی بحیرہ روم کے ساحل پر ATLIT بحری بیس سے کارروائی کرنے والی Shayetet-13 جنگ کے دوران اسٹریٹیجک تخریبی مشنوں کیلئے جانی جاتی ہے۔ لبنان کے ملٹری حکام نے Batroun پر اسرائیلی حملے اور ایک لبنانی شہری کے پکڑے جانے کی توثیق کردی ہے۔x

## Hylo Open

بھارت کی Malvika Bansod ہائیلو اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے فائنل پہنچ گئی ہیں۔ آج رات جرمنی کے شہر Saarbrucken میں ڈنمارک کی Mia Blichfeldt سے اُن کا خطابی مقابلہ ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆